06/06/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

لیفٹنٹ گور نر

کے خلاف 55روز پہلے جموں سے Terrorism لیفٹنٹ گور نر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نا ر کو شروع کیا گیا ابھیان اب ایک تاریخی تحریک میں تبدیل ہو گیا ہے۔

گاندربل میں منشیات مخالف پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے سے پہلے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ پچھلے 55دنوں کے دوران 1ہزار36ایف آئی آر درج کئے گئے ،1ہزار128ڈرگ سمگلر گرفتار کئے گئے نیز سمگلروں کی سو جائیدادوں کو اٹیچ کیا گیا ۔ علاوہ ازیں سات سو ڈرائیونگ لائسنس رد کئے گئے نیز 130ڈرگ سمگلروں کے پاسپورٹ منسوخ کئے گئے ۔

....

ایل جی ملاقات

انڈیا healthy ”جموں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر انیل گپتا اور انڈیا" کے چیئرمین ہیرا لال ابرول کی قیادت میں ایک وفد نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا strong سے ملاقات کی۔

دریں اثنا بین الاقوامی پیرا ایتھلیٹ سردار چندیپ سنگھ نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

لیفٹیننٹ گورنر نے چندیپ سنگھ کو حال ہی میں منگولیا میں منعقدہ 11ویں ایشیائی پیرا تائیکونڈو چیمپئن شپ میں طلائی تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی۔

ستیش شرما

سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ جموں میں محکمہ موسمیات کے علاقائی مرکز کا افتتاح ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے، جو جموں و کشمیر اور لداخ میں موسمی پیش گوئی کی صلاحیتوں، آفات سے نمٹنے کی تیاری، سائنسی تحقیق اور عوامی تحفظ کو نمایاں طور پر مضبوط بنائے گا۔

اس مرکز کا افتتاح کل مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کیا۔

ناصر اسلم وانی

وادی کے مختلف علاقوں سے آئے کئی عوامی وفود نے وزیرِ اعلیٰ کے رابطہ دفتر میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کے ساتھ ملاقات کرکے اپنے مسائل و مطالبات ان کی دانست میں لائے۔

اس موقع پر مشیر موصوف نے ان کے مسائل اور شکایات کو غور سے سنا اور ان کے مناسب اور بروقت ازالے کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے ایک افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے 21 جون کو جموں و کشمیر کے دوبارہ امتحان کے (UG) میں منعقد ہونے والے نیٹ
پ

رامن، محفوظ، شفاف اور منظم انعقاد کے لیے کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔±

چیف سیکریٹری نے امتحان کے منصفانہ اور شفاف انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ محکموں کے درمیان قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

ایڈوائزری

موسم میں تبدیلی اور گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ساتھ لوگوں خصوصاً بزرگ افراد کو جسم میں پانی اور نمکیات کی کمی محسوس ہو تی ہے۔

اس سلسلے میں بزرگوں کےلئے احتیاطی تدابیر کے بارے میں بزرگ افراد کے طبی مسائل کے ماہر// ڈاکٹر
ز

بیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔±

- --

شری امرناتھ جی یاترا

ایس ایس پی اننت ناگ امود اشوک ناگپورے نے پہلگام کا دورہ کرکے شری امرناتھ جی یاترا کے لیے سکیورٹی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے لنگہ بل اور ننون میں زیرِ تعمیر پولیس تنصیبات کا بھی معائنہ کیا۔

ایس ایس پی نے تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیتے ہوئے علاقے میں پولیسنگ کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے تیار کی جا رہی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے اور معیار کے طے شدہ اصولوں پر سختی سے عمل کرنے کی تعمیراتی ایجنسیوں کو ہدایت دی۔

کنونشن

امور نوجوان اور کھیل کو د کی مرکزی وزارت کے اہتمام سے ”میرا یوا بھارت“ کے تحت آج نئی دلی کے تھیاگ راج اسٹیڈیم میں ”یوتھ فار وِکست بھارت۔ مائی بھارت یوتھ کنونشن“ کا انعقاد ہو رہا ہے۔

اس کنونشن میں ملک کے مختلف خطوں سے تعلق رکھنے والے 6ہزار سے زائد نوجوان شرکت کریں گے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ